بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# پاکستان مالی خواندگی ہفتہ 4 تا 8 مارچ 2024ء

گورنر اسٹیٹ بینک کا کلیدی خطاب

## مالی خواندگی کے ذریعے مالی شمولیت کا اسٹیٹ بینک کا وژن

ڈپٹی گورنرز اور محترم ساتھیو،

بینکوں کے صدور اور چیف ایگزیکٹو،

مہمانانِ گرامی، خواتین و حضرات!

**السلام علیکم، صبح بخیر!**

- میرے لیے یہ بہت خوشی کا موقع ہے کہ میں پاکستان مالی خواندگی کے اولین ہفتہ کا افتتاح کر رہا ہوں۔ پاکستان میں مالی خواندگی اور مالی شمولیت کو قومی سطح پر آگے بڑھانے کی یہ اولین کوشش ہے۔

- اس ہفتے کے دوران تقریبات، مقابلوں، اور عوامی سرگرمیوں کا جو سلسلہ جاری رہے گا مجھے اس کا واقعی انتظار ہے۔ ان تمام سرگرمیوں کا مقصد مالی نظام کی بہتر سُوجھ بُوجھ کو فروغ دیا جائے اور عام لوگوں میں، خصوصاً نوجوانوں میں مالیات کے بارے میں ذمہ دارانہ رویّے کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے۔

- مالی شمولیت کو ایک پھلتی پھولتی اور منصفانہ معیشت کی بنیاد کہا جاسکتا ہے۔ اسٹیٹ بینک پاکستان کا مرکزی بینک ہے، اور اس حیثیت سے مالی شمولیت کو فروغ دینے کا ہمارا عزم مستحکم ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ مالی خدمات تک عوام کی رسائی ان کا ایک بنیادی حق ہے، اور ہمارا مشن یہ ہے کہ معیشت میں پوری طرح شامل ہونے کے لیے شہریوں کو جن tools اور معلومات کی ضرورت ہوتی ہے، انہیں وہ سب کچھ فراہم کرکے بااختیار بنایا جائے. جب زیادہ سے زیادہ لوگوں کو مالی خدمات تک رسائی ملتی ہے تو اس سے صارفین، بچت کنندگان (savers) اور کاروباری افراد کی تعداد بڑھتی ہے، اور معاشی ترقی کو متحرک کرنے میں مدد ملتی ہے۔ یہاں میں یہ ضرور کہوں گا کہ باضابطہ (formal) مالی خدمات کے بارے میں پھیلی ہوئی عام غلط فہمیوں کو دور کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ اسی طرح عوام کو آگاہی دیتے ہوئے اور اپنے ساتھ ملاتے ہوئے ایسا غیر تکنیکی انداز اپنایا جائے کہ وہ اسے آسان سمجھیں۔ اس طرح مالی نظام پر ان کا اعتماد قائم کیا جا سکتا ہے۔ پاکستان جیسے ترقی پذیر ملکوں میں یہ چیز زیادہ اہم ہے، کیونکہ یہاں مجموعی معاشی سرگرمیوں میں informal economy یا غیر رسمی معیشت کا خاصا حصہ ہے۔ اور غیر

محفوظ بچت اور سرمایہ کاری کے مواقع وسیع پیمانے پر پھیلانے میں یہی غیر رسمی معیشت کردار ادا کرتی ہے. جب مالی خدمات اور مالی مصنوعات کے بارے میں بہتر معلومات کو فروغ دیا جائے گا تو وسائل کو بہتر انداز میں استعمال کرنے میں مدد ملے گی۔

**خواتین و حضرات!**

- مالی شمولیت ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔ پاکستان میں مالی خواندگی کو فروغ دینے میں حکومت، مالی اداروں، غیر منافع بخش تنظیموں اور تعلیمی اداروں سب کو کردار ادا کرنا ہے۔

- یہ بات میرے لیے باعث مسرت ہے کہ ملک میں مالی خواندگی پھیلانے میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان آگے آگے ہے۔ ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ بینکاری کی صنعت اور تعلیمی ماہرین کے اشتراک سے قومی مالی خواندگی پروگرام کے دو مرحلے منعقد ہو چکے ہیں، ایک بالغ افراد اور دوسرا نوجوانوں کے لیے۔

- ان اقدامات نے 2.9 ملین سے زائد افراد کو مالی خواندگی کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کیا ہے، ان میں 50 فیصد سے زائد خواتین شامل ہیں۔ مزید برآں، قومی مالی خواندگی پروگرام سے استفادہ کرنے والوں (**beneficiaries**) کی جانب سے اکاؤنٹ کھولنے کی شرح 80 فیصد رہی جو متاثر کُن ہے۔ میں آپ سب کو مبارکباد دیتا ہوں کہ آپ نے اس مقصد کے لیے کام کیا اور اس اقدام کو **industry owned initiative** میں ڈھال کر کامیابی سے ہمکنار کیا۔

**خواتین و حضرات!**

ہمارے حالیہ اقدامات میں سے ایک اقدام یہ ہے کہ معاشرے کے جو لوگ مالی خدمات سے بالکل محروم اور نیم محروم ہیں ان تک مالی خدمات پہنچانے پر توجہ دی جائے۔

**الف۔ پہلا**، اسٹیٹ بینک باضابطہ مالی نظام کے ساتھ خواتین کا ربط مضبوط بنانے کے لیے زیادہ **targeted** انداز میں پیش رفت کر رہا ہے۔ اگر ملک کی نصف آبادی نظام کی وجہ سے افرادی قوت سے الگ تھلگ رہتی ہے تو پائیدار معاشی ترقی کا حصول ممکن نہیں۔ مالی خدمات کی صنعت میں اس تاریخی فرق کو کم کرنے کے لیے اسٹیٹ بینک نے 'برابری پر بینکاری پالیسی' متعارف کرائی۔ اس پالیسی سے ملک میں مالی خدمات تک خواتین کی رسائی کو بہتر بنانے کے لیے **National Financial Inclusion Strategy** اور دیگر اقدامات کو تقویت ملے گی۔

ب۔ **دوسرا**، اسٹیٹ بینک بینکوں کے اشتراک سے متعدد اقدامات کر رہا ہے، تاکہ مالی خدمات کے استعمال تک مساوی اور آسان رسائی دی جا سکے۔ ان اقدامات میں راست، آسان ڈجیٹل اکاؤنٹ، آسان موبائل اکاؤنٹ اور حال ہی میں شروع کیے گئے ڈجیٹل بینک شامل ہیں۔

ج۔ **آخری**، یہ کہ اسٹیٹ بینک نے قرضوں تک رسائی بڑھانے کے لیے خصوصی اسکیمیں متعارف کرائی ہیں۔ ان میں SME آسان فنانس یا SAAF اسکیم، ری فنانس اینڈ کریڈٹ گارنٹی اسکیم برائے خواتین Entrepreneurs، لائن آف کریڈٹ برائے MSMEs اور پرائم منسٹر یوتھ بزنس اینڈ ایگریکلچر لون اسکیم شامل ہیں۔

- مجھے یہ بتاتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ ان اقدامات سے پاکستان میں مالی شمولیت بڑھی ہے۔ اس بات کا اندازہ یوں لگایا جا سکتا ہے کہ جون 2023ء تک پاکستان میں تقریباً 177 ملین بینک اکاؤنٹس تھے جن میں سے 83 ملین یونیک اکاؤنٹس ہیں، اس طرح 137 ملین بالغ آبادی میں سے 60 فیصد افراد یہ اکاؤنٹس استعمال کر رہے ہیں۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ خواتین کے اکاؤنٹس کی کل تعداد 49 ملین ہے جن میں سے 29 ملین یونیک اکاؤنٹس ہیں۔ یہ 29 ملین یونیک اکاؤنٹس خواتین کی بالغ آبادی کے 43 فیصد سے زیادہ کی نمائندگی کرتے ہیں۔

- اگرچہ مالی شمولیت کے indicators میں گزشتہ چند برسوں کے دوران بہتری آئی ہے، لیکن علاقائی اور ہمسر معیشتوں کے برابر آنے کے لیے اب بھی بڑی کوششوں کی ضرورت ہے۔ ہم نے اگلے پانچ برسوں کے لیے اسٹریٹجک منصوبہ "اسٹیٹ بینک وژن 2028" بنایا ہے جس میں ہم نے طے کیا ہے کہ ہم ڈجیٹل ذرائع پر زیادہ توجہ دیتے ہوئے ٹارگٹڈ پالیسی اقدامات کے ذریعے مالی شمولیت کے فریم ورک کو مضبوط بنائیں گے۔

**خواتین و حضرات!**

- حقیقی مالی شمولیت کے لیے ضروری ہے کہ افراد کو یہ شعور ہو کہ وہ اپنی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لیے ان خدمات سے کس طرح فائدہ اٹھائیں۔ اس سلسلے میں مالی خواندگی اہم کردار ادا کرتی ہے۔

- لوگوں کو اپنے مالی معاملات سمجھ داری سے manage کرنے کے لیے جن معلومات اور مہارتوں کی ضرورت ہوتی ہے وہ فراہم کر کے ہم انہیں اس قابل بناتے ہیں کہ وہ غربت کے cycle کو توڑ سکیں، اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی کر سکیں اور معاشی ترقی کے مواقع سے فائدہ اٹھا سکیں۔ مالی خواندگی لوگوں کو اس قابل بناتی ہے کہ وہ بچت، قرضوں، سرمایہ کاری، entrepreneurship اور خود کو مالی خطرات سے بچانے کے باخبر فیصلے کر سکیں۔

- ڈیجیٹلائزیشن کے اس دور میں، آیئے ڈیجیٹل پلیٹ فارم سے فائدہ اٹھانے کی منصوبہ بندی کریں تاکہ لوگوں کی رسائی میں بھرپور اضافہ ہو اور لازمی نوعیت کی مالی معلومات دے کر انہیں بااختیار بنایا جاسکے۔ڈیجیٹلائزیشن ایک اُمید افزا مستقبل کا آغاز ہے، ایسا مستقبل جہاں مالی خواندگی اتنی عام ہو جائے گا کہ جس کی ماضی میں کوئی مثال نہ ملے۔ ہم ایک ایسے مستقبل کا خواب دیکھتے ہیں جہاں ہر شہری کو اپنے اسمارٹ فون کے ذریعے بینکاری خدمات میسر ہوں، جس سے انہیں مالی لین دین، بچت اور سرمایہ کاری کرنا آسان ہو۔

**خواتین و حضرات!**

- آخر میں، میں اس بات کا اعادہ کرنا چاہوں گا کہ اسٹیٹ بینک ایک ایسے مستقبل کو حقیقت بنانے کے لیے پُرعزم ہے، جہاں ہر شہری کو، اس کے پس منظر یا مقام سے قطع نظر، معاشی سرگرمیوں میں بامقصد حصہ لینے کا مواقع ملے۔ ڈیجیٹل ذرائع سے مالی شمولیت اور مالی خواندگی کا حصول، صرف ہمارا وژن نہیں بلکہ ایک خوشحال اور مالی شمولیت کے حامل پاکستان کی تعمیر ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ میں اُن بینکوں کو مبارکباد دینا چاہوں گا، جنہیں مالی خواندگی کی مہموں پر قابلِ ستائش کوششوں کے اعتراف میں ایوارڈز سے نوازا گیا۔

- آپ کا وقت لینے پر، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں، اور مالی شمولیت کے حوالے سے ہمارے بنیادی ہدف کے حصول کی خاطر ایسی دلچسپ اور پُرکشش سرگرمیوں کا آئندہ بھی منتظر رہوں گا۔

****